سوال

(910)استخارہ کی نماز میں قراءت

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

استخارہ کی نماز میں کون سی آیتیں پڑھنی چاہییے اور یہ نماز کس طرح پڑھی جاتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

استخارے کے لیے کوئی مخصوص آیتیں نصِ صریح میں وارد نہیں ہیں۔

نمازِاستخارہ کا درست طریقہ یہ ہے، کہ نفلی دو رکعتیں پڑھی جائیں۔ تشہد کے اخیر میں یا سلام پھیر کر مشہور دعا ’اَللّٰھُمَّ اِنِّی أَستَخِیرُکَ بِعِلمِکَ... الخ‘ (صحیح البخاری، بَابُ الدُّعَاءِ عِندَ الاِستِخَارَةِ، رقم: ٦٣٨٢، سنن ابن ماجہ، بَابُ مَا جَاءَ فِی صَلَاةِ الاِستِخَارَةِ، رقم: ١٣٨٣) پڑھیے اور جو ضرورت درپیش ہو۔

اثنائے دعا میں اس کا نام بھی لیں۔ پھر جس کام پر شرح صدر حاصل ہو، وہ کر گزریں۔ خواب آنے کا کوئی مسئلہ نہیں۔ جس طرح کہ عوام کا اعتقاد ہے۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو!(فتح الباری: ١٠/١٨٣ تا ١٨٧)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 760

محدث فتویٰ